مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: امام حسین اور واقعہ کربلا　　　**مصنف:** حافظ ظفر اللہ شفیق

ضخامت: ۴۵۶ صفحات　　　**قیمت:** -/۲۵۰ روپے

ناشر: ادارہ صراط مستقیم مسلم کالونی شالا مار لنک روڈ باغبانپورہ لاہور

زیر تبصرہ کتاب کے موضوع پر قدیماً و حدیثاً مختلف زبانوں میں ضخیم اور مختصر کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور یہ سلسلہ بہت دیر تک جاری رہے گا لیکن المیہ یہ ہے کہ ان میں بیشتر افراط و تفریط سے خالی نہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس موضوع پر ایک مفصل کتاب جو کہ جادۂ مستقیم سے ہٹی ہوئی نہ ہو، لکھی جائے تا کہ یہ واقعہ پوری طرح منقح اور موضح ہو جائے۔ چنانچہ اس ضرورت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہمارے محترم اور مہربان و شفیق دوست مولانا حافظ ظفر اللہ شفیق نے انتہائی سلجھے ہوئے انداز میں ایک لاجواب کتاب لکھی جس پر وہ صد مبارکباد کے مستحق ہیں۔

ہم اہل السنہ والجماعۃ جس طرح فضیلت شیخین و محبت ختنین کے قائل ہیں اسی طرح حضورؐ کے اہل بیت عظام سے عقیدت بھی ہمارا جزو ایمان ہے اور کیوں نہ ہو جن سے اللہ نے رجس کو خود دور فرما کر پاک بنایا جن کی مؤدت کو اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کے لئے لازم ٹھہرایا۔ جن کے ساتھ صلح و جنگ کو آپ نے اپنے ساتھ صلح و جنگ ٹھہرایا، شریعت و طریقت تہذیب و تزکیہ کے چشمے جن کے گھر سے رواں ہوئے جن کے والدین اور خود ان کی تربیت آپ نے فرمائی۔ کیا ان کے قلوب جاہ و مال کی محبت۔ سے آلودہ ہو سکتے تھے کیا ان کے قدم شریعت کے خلاف اٹھ سکتے تھے کیا ان کے ہاتھ باطل سے بیعت کر سکتے تھے۔ کیا ایسے لوگ وقت کے تقاضوں سے بے خبر اور حالات کی نزاکتوں سے ناآشنا ہو سکتے تھے۔

''امام حسین اور واقعہ کربلا'' میں اسی حق اور اپنی حقیقتوں کو نہایت اعتدال اور توازن کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ بقول ڈاکٹر محمد عالم خان اس کتاب کے مطالعہ سے ایمان میں پختگی اور روح میں شگفتگی پیدا ہوتی ہے۔ حریت اور استقامت کا ولولہ انگڑائی لینے لگتا ہے۔ باطل سے پنجہ آزمائی کا حوصلہ ملتا ہے اور شوقِ شہادت موجزن ہوتا ہے۔ کتاب ظاہری و معنوی خوبیوں سے آراستہ و پیراستہ ہے اور ہر لائبریری کی زینت بننے کے قابل ہے۔